نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت گندم کی صورتحال بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور:21فروری2025: سیکرٹری زراعت پنجاب کی زیرِ صدارت حالیہ موسمی حالات کے مطابق گندم کی صورتحال بارے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں جائزہ اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ اس سال صوبہ پنجاب میں 1 کروڑ 62 لاکھ 50 ہزار ایکڑ پر گندم کاشت ہوئی ہے۔ حالیہ بارش کے گندم کی فصل پر مثبت اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ حالیہ بارش سے گندم کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ متوقع ہے۔ حالیہ بارش سے قبل بارانی علاقوں میں گندم کی پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ تھا۔ انھوں نے مزید کہا کہ محکمہ زراعت کی فیلڈ فارمیشنز کاشتکاروں کی راہنمائی میں مصروفِ عمل ہیں۔ کپاس کی اگیتی کاشت کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کے تحت کامیاب مہم جاری ہے۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی و دیگر افسران شریک ہوئے جبکہ ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔

☆☆☆☆